Paper Code:

| | |
|---|---|
| 1 | 1 |
| 2 | 2 |
| 3 | 3 |

ESKP-iv1901

P-410

# اُردو (لازمی)۔ نہم

کل وقت: ۳ گھنٹے                                                  کل نمبر: ۷۵

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں (الف، ب اور ج)۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔ تمام سوالات کو احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔

دوبارہ لکھنے، مٹانے اور کاٹنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا ممنوع ہے۔

وقت: ۲۰ منٹ                    (سیکشن الف)                    کل نمبر: ۱۵

نوٹ: ذیل سوالات کے لیے دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر (A, B, C, D) کی صورت میں دیے گئے ببل آنسر شیٹ میں رنگ بھریں۔

i. مولانا شبلی نعمانی ـــــــــــــ میں پروفیسر آرنلڈ کے ساتھ اسلامی ممالک کا دورہ کیا۔

A۔ ۱۸۸۲ء    B۔ ۱۸۸۳ء    C۔ ۱۸۸۵ء    D۔ ۱۸۸۸ء

ii. جملے کے ـــــــــــ بڑے اجزا ہوتے ہیں۔ جن میں ایک تعلق پایا جاتا ہے۔

A۔ پانچ    B۔ چار    C۔ تین    D۔ دو

iii. جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے نام پر سوال کیا وہ ـــــــــــ ہے۔

A۔ ملعون    B۔ دوزخی    C۔ بے ایمان    D۔ غریب

iv. سرسید احمد خان ـــــــــــ کو فوت ہوئے۔

A۔ ۱۸۸۰ء    B۔ ۱۸۹۹ء    C۔ ۱۸۹۷ء    D۔ ۱۸۹۸ء

v. "آبِ حیات" کے مصنف ـــــــــــ ہے۔

A۔ حالی    B۔ سرسید    C۔ محمد حسین آزاد    D۔ ان میں سے کوئی نہیں

vi. سب نے ـــــــــــ ان دوبالوں کو سر و گردن سے اُتار کر پھینک دیا۔

A۔ خوشی خوشی    B۔ مجبوری میں    C۔ اسی وقت    D۔ فوراً

vii. ـــــــــــ نے تعزیرات ہند کا انگریزی سے اُردو میں ترجمہ کیا۔

A۔ علامہ اقبالؒ    B۔ شبلی نعمانی    C۔ مولوی نذیر احمد    D۔ ان میں سے کوئی نہیں

viii. آنکھ کا بند ہونا تھا کہ ـــــــــــ ایک دوسری دنیا میں تھا۔

A۔ مجرم    B۔ نصوح    C۔ مولوی عبدالحق    D۔ نصیر

ix. پریم چند کے افسانوں کی سب سے نمایاں خصوصیات ان کا ـــــــــــ ہے۔

A۔ اسلوب    B۔ موزوں پلاٹ    C۔ قومی جذبہ    D۔ مشکل پسندی

x. میرزا ادیب کی شہرت کا انحصار ان کے ـــــــــــ ڈراموں پر ہے۔

A۔ یک بابی    B۔ رومانوی    C۔ خوبصورت    D۔ علمی

xi. سید امتیاز علی تاج ـــــــــــ میں پیدا ہوئے۔

A۔ پشاور    B۔ لاہور    C۔ سرگودھا    D۔ کراچی

xii. شفیق الرحمٰن ۱۹ مارچ ـــــــــــ کو اس جہانِ فانی سے رخصت ہوئے۔

A۔ ۲۰۰۳ء    B۔ ۲۰۰۲ء    C۔ ۲۰۰۱ء    D۔ ۲۰۰۰ء

xiii. جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جاتا ہے، اسے ـــــــــــ کہا جاتا ہے۔

A۔ قصیدہ    B۔ مرثیہ    C۔ منقبت    D۔ مناجات

xiv. چنانچہ بڑھے نے کہا کہ برائے خدا میر اور ـــــ مجھے پھیر دیجیے۔

A۔ تورنج    B۔ دل    C۔ سر    D۔ کر

xv. ـــــــــــ کو اُردو کا پہلا ناول نگار تسلیم کیا جاتا ہے۔

A۔ سرسید    B۔ محمد حسین آزاد    C۔ مولوی نذیر احمد    D۔ اقبالؒ

eduvision.edu.pk

ESKP-ix1901

P-1411

اُردو (لازمی)۔ نہم

نوٹ: مقررہ وقت ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

## سیکشن (ب)

کل نمبر: ۳۶

سوال ۲: مندرجہ ذیل میں سے صرف نو (۹) اجزاء کے مختصر جواب تحریر کریں۔ ہر جز کے نمبر برابر ہیں۔

i. سبق "آرام و سکون" میں صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

ii. قیصر و کسریٰ کے ظلم کو کس چیز نے مٹا دیا تھا؟

iii. الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ زیرِ زمین۔ طبل و علم۔ رگِ گل۔ دام و دانہ

iv. نظم "برسات کی بہاریں" میں کس کس پرندے کی کون کون سی آواز کا ذکر آیا ہے؟

v. تشبیہ اور استعارے کا فرق مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔

vi. سبق "سفارش طلب" سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے؟

vii. نیلی جھیل کی خوبصورتی کا منظر اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

viii. غلام، صاحب خانہ کے گھر کیسے پہنچا؟

ix. چار ذو معنی الفاظ اور اُن کے معنی لکھیں۔

x. سبق "حج اکبر" میں دایہ بچے کا جس طرح خیال رکھتی تھی، اسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

xi. اولاد کی اسلامی خطوط پر تربیت کیوں ضروری ہے؟

xii. واہم کی تصویر کس طرح پیش کی گئی ہے؟

## سیکشن (ج)

کل نمبر: ۲۴

سوال ۳: متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف) جتنے مجرم ہیں، کیا خفیف، کیا سنگین، کوئی اس کے رحم سے ناامید نہیں۔ اختیارات اس کے اس قدر وسیع ہیں کہ نہ اس کے فیصلے کی اپیل ہے اور نہ اس کے حکم کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔ کام کرنے کا ایسا اچھا ڈھنگ ہے کہ کام روز کا روز صاف، کتنے ہی مقدمے پیشی میں کیوں نہ ہوں، ممکن نہیں کہ تاریخ مقرر پر فیصلہ نہ ہو جائیں، جو حکم ہے دودھ کا دودھ پانی کا پانی

پھر کیا دیکھتا ہے کہ ہر مجرم کو فرداً فرداً فردِ قرارداد جرم کی ایک نقل دی گئی ہے کہ وہ اس کو پڑھ رہا ہے۔

ب) دایہ نے اس حکم کی تکمیل ضروری نہیں سمجھی۔ بیگم صاحبہ کا غصہ فرو کرنے کی اس سے زیادہ کارگر کوئی تدبیر ذہن میں نہ آئی، اس نے نصیر کو اشارے سے اپنی طرف بلایا، وہ دونوں ہاتھ پھیلائے لڑکھڑاتا ہوا اُس کی طرف چلا، دایہ نے اسے گود میں اٹھا لیا اور دروازے کی طرف چلی لیکن شاکرہ باز کی طرح جھپٹی اور نصیر کو اس کی گود سے چھین کر بولی: "تمہارا یہ مکر بہت دنوں سے دیکھ رہی ہوں، یہ تماشے کسی اور کو دکھائیے، یہاں طبیعت سیر ہو گئی۔"

سوال ۴: نظم اور شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف)
طاعت میں ادب تیرا عصیاں سے ہے گو بڑھ کر — عصیاں میں ہے طاعت سے اقرار سوا تیرا
آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

ب)
حنا بندِ عروسِ لالہ ہے خونِ جگر تیرا — تیری نسبت براہیمی ہے معمارِ جہاں تو ہے
تیری فطرت میں ہے ممکنات زندگانی کی — جہاں کے جوہرِ مضمر کا گویا امتحاں تو ہے!

سوال ۵: بحوالہ شاعر ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔

الف)
نشۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھ کو — عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا
تھا جلانا ہی اگر دوریِ ساقی سے مجھے — تو چراغِ درِ مے خانہ بنایا ہوتا

ب)
یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا
ترے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا — کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

سوال ۶: مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

اتفاق سے ایک روز دایہ کو بازار سے لوٹنے میں دیر ہو گئی۔ شاکرہ بھری بیٹھی تھی، دایہ کو دیکھتے ہی تیور بدل کر بولی، کیا بازار میں کھو گئی تھی؟ دایہ خطاوارانہ انداز سے سر جھکا لیا اور بولی، "بی بی ایک جان پہچان کی ماما سے ملاقات ہو گئی اور باتیں کرنے لگی" شاکرہ جواب سے اور بھی برہم ہوئی، "یہاں دفتر جانے کو دیر ہو رہی ہے، تمہیں سیر سپاٹے کی سوجھی ہے۔"

سوالات:
۱) شاکرہ کیوں بھری بیٹھی تھی؟
۲) دایہ کے آتے ہی شاکرہ نے کیا پوچھا؟
۳) دایہ کے جواب سے شاکرہ کیوں برہم ہوئی؟
۴) اس پیراگراف کے لیے مناسب عنوان تجویز کریں۔

(یا)

edvision.edu.pk